# سیزیرین سیکشن کے بعد درد کی دوا

سرجری کے بعد درد محسوس کرنا عام ہوتا ہے۔ اس درد کا انتظام آپ کو صحت یاب ہونے میں مدد دیتا ہے۔

سیزیرین سیکشن کے بعد ہر عورت درد کو مختلف طریقے سے محسوس کرتی ہے۔

آپ عملے کو یہ بتا کراپنے درد کا انتظام کرسکتی ہیں کہ آپ کیسا محسوس کرتی ہیں۔ درد کا علاج کرنا آسان تر ہوتا ہے جب آپ ابتدا ہی سے یا جلد حل کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔

براہ کرم عملے کو بتائیں اگر آپ کا درد:

- معتدل یا شدید ہو جاتا ہے
- یہ آپ کو اپنی یا آپ کے بچے کی دیکھ بھال کرنے سے روکتا ہے
- درد کی دوا لینے کے ایک گھنٹے سے زیادہ بعد بھی وہی رہتا ہے یا مزید شدید ہو جاتا ہے۔

## اپنے درد کی دوا لینا

آپ کو ملنے والی درد کی دوا کا انحصار آپ کی ڈیلیوری کی قسم، آپ کی طبی تاریخ اور آپ جو دیگر دوائیں لے رہی ہیں پر ہوتا ہے۔

آپ کو مخصوص اوقات میں درد کی کچھ دوائیں دی جائیں گی۔ یہ بات اہم ہے کہ جب آپ کو درد کی دوا دی جائے تو اسے ضرور لیں ۔

زیادہ طاقتور درد کی دوائیں دستیاب ہیں۔ براہ کرم اپنی مڈوائف یا دائی کو بتائیں اگر آپ کو زیادہ طاقتور درد کی دوا کی ضرورت ہے۔

## درد کی دوائیوں کے ناپسندیدہ اثرات

کبھی کبھار، درد کی دوائیں ناپسندیدہ اثرات کا سبب بن سکتی ہیں، بشمول:

### کھجلی یا خارش

زیادہ تر لوگ سیزیرین سیکشن کے دوران اسپائنل یا ایپی ڈیورل کے ذریعے مورفین حاصل کرتے ہیں۔ یہ ترسیل کے بعد درد کے انتظام میں مدد کرتا ہے لیکن خارش کا سبب بن سکتا ہے۔ یہ خارش عام طور پر 12 سے 24 گھنٹے بعد ختم ہو جاتی ہے۔ براہ کرم اگر آپ کو ضرورت ہو تو آپ اس خارش کے علاج کے لیے دوا طلب کر سکتی ہیں۔

### وامٹنگ (متلی یا الٹی)

طاقتور درد کی دوائیں کبھی کبھار متلی یا الٹی کا سبب بن سکتی ہیں۔ باگر آپ کو ضرورت ہو تو آپ متلی یا الٹی کے علاج کے لیے دوا مانگ سکتی ہیں۔

### قبض

طاقتور درد کی دوائیں آپ کو قبض کا شکار بنا سکتی ہیں، جس کا مطلب ہے کہ پوٹی یا پاخانہ کی حاجت بروقت و درست ہونا آپ کے لیے مشکل ہو سکتی ہے۔ دوسرے معاملات جیسا کہ سرجری، کافی و مناسب پانی نہ پینا اور نہ ہی ہل جُل کرنا، بھی اس کی وجہ بن سکتی ہیں۔ آپ پانی پییں گی اور اپنے کمرے میں ادھر ادھر ہل جُل کریں گی، تو یہ مددگار ثابت ہوگا۔ اگر آپ کو اب بھی مشکل ہو، تو قبض کے علاج کے لیے دوائیں ہیں۔ اگر آپ کو ضرورت ہو تو سرجری کے بعد پہلے چند دنوں میں یہ دوا لینے کی سختی سے سفارش کی جاتی ہیں۔

## مزید معلومات اور مشورے کے لیے

ایکیوٹ پین سروس ٹیم کے کسی فرد سے بات کرنے کے لیے پوچھیں۔

## کیا آپ کو ترجمان کی ضرورت ہے؟

اگر آپ کو ضرورت پیش آجائے تو آپ ترجمان کے لیے پوچھ سکتی ہیں۔

## فیملی وائلنس سپورٹ

**1800 Respect نیشنل ہیلپ لائن**

اگر آپ کو جنسی زیادتی، گھریلو یا فیملی تشدد اور بدسلوکی کا سامنا ہوا ہو، تو آپ مدد حاصل کرسکتی ہیں۔
آپ دن یا رات کے کسی بھی وقت کال کر سکتی ہیں۔
1800 737 732 (24-گھنٹے سپورٹ سروس) دستیاب ہے
1800respect.org.au

**ڈیس کلیمر**: یہ فیکٹ شیٹ محض عمومی معلومات کی فراہمی کے لیے ہے۔ آپ، یا آپ کے بچے کی صحت کی ضروریات کے حوالے سے مخصوص مشاورت کے لیے، متعلقہ صحت کے پیشہ ور ماہرین سے رجوع کریں۔
The Royal Women's Hospital اپنی صحت کے پیشہ ور ماہرین سے رجوع کرنے کے بجائے، اس فیکٹ شیٹ پر مکمل انحصار کرنے کے باعث، کسی بھی ہونے والے نقصان یا خسارے کی، کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
اگر آپ کو، یا آپ کے بچے کو، فوری میڈیکل یا طبی توجہ درکار ہو، تو اپنے قریب ترین واقع ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کریں۔

.© The Royal Women's Hospital 2025